DOI: https://doi.org/10.52541/fn.v62i1.3212

ففتھ جنریشن وار کا دفاع قرآن و سنت کی روشنی میں

محمد عتیق ۞
منظور احمد الازہری ۞

The Fifth Generation Warfare: A Study in the Light of the Qur'ān and *Sunnah*

Muhammad Attique[۞]
Manzoor Ahmad al-Azhari [۞]

ABSTRACT: Fifth Generation Warfare (5GW), encompassing information warfare, cyberattacks, disinformation campaigns, and psychological operations, has emerged as a dominant and multifaceted threat in contemporary global conflicts. This paper investigates the permissibility, limits, and ethical considerations of 5GW within the paradigm of Islamic thought, drawing upon the primary sources of the Qur'ān and Sunnah. Central to the analysis is the Islamic doctrine of *jihād*, the right to self-defence, and the moral obligation to protect the integrity and security of the Muslim *ummah*. The study critically examines selected Qur'ānic injunctions and Prophetic precedents that reflect the strategic use of non-conventional methods in the face of aggression, while also highlighting Islam's uncompromising emphasis on justice (*ʿadl*), truthfulness (*ṣidq*), and the inviolability of innocent life. Recognizing the inherent dangers of 5GW—particularly its potential to deceive, manipulate, and harm non-combatants—the paper proposes a principled framework for its ethical deployment. This includes criteria such as the legitimacy of the cause, proportionality, minimal collateral damage, and consistency with Islamic legal and moral boundaries. It also encourages the integration of international humanitarian standards where they do not conflict with Sharīʿah. The study concludes that, while 5GW tactics may be conditionally justified for defence against unjust aggression, their use must remain rigorously anchored in Islamic ethical guidelines to ensure moral integrity in asymmetrical warfare.
Keywords: Fifth Generation Warfare, Islamic Ethics, Cyber Warfare, Qur'ān and Sunnah,

۞ معلم قرآن، ابتدائی و ثانوی تعلیم، ضلع ہری پور، خیبر پختونخوا۔
۞ ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، ہائی ٹیک یونی ورسٹی ٹیکسلا کینٹ، اسلام آباد۔
۞ Qur'an Teacher, Elementary and Secondary Education Department Haripur, Kaibar Pakhtun Khah. (mattique5@gmail.com)
۞ Associate Professor, Department of Islamic Studies, HITEC University Taxila Cantt, Rawalpindi. (drmanzoor67@yahoo.com)

Summary of the article

This article offers a critical and scholarly examination of Fifth Generation Warfare (5GW) through the ethical and legal lens of Islamic tradition. Characterized by non-kinetic and asymmetrical tools—such as psychological operations, information manipulation, cyber warfare, and disinformation—5GW represents a modern paradigm of warfare distinct from conventional military engagements. The authors analyse how such strategies align with Islamic teachings, drawing extensively upon Qur'ānic injunctions and Prophetic precedents.

1. **Strategic Relevance of 5GW and Islamic Jurisprudence**

The authors open by contextualizing 5GW as a global phenomenon that transcends traditional battlefields, operating primarily in the domains of cognition, ideology, and virtual space. The core Islamic framework invoked includes the obligation of jihād (struggle), the imperative of self-defence, and the preservation of ʿadl (justice), ṣidq (truthfulness), and the sanctity of innocent life.
Islamic legal tradition, particularly the Qur'anic verse (8:60) *"Wa aʿiddu lahum mā isṭaṭaʿtum min quwwah…"* (Prepare against them what force you can...), is presented as a perpetual command for strategic preparedness—including technological and informational capabilities. The Hadith "*Jāhidū al-mushrikīn bi-amwālikum wa-anfusikum wa-alsinatikum*" underscores the legitimacy of multi-dimensional resistance—physical, financial, and rhetorical.

2. **Ethical Justification and Islamic Framework for Warfare**

The authors acknowledge that while Islam allows for strategic deception during wartime (*al-ḥarb khudʿah*), such measures must not transgress moral boundaries. Ethical deployment of 5GW tools requires:

- Legitimacy of cause (ḥaqq)
- Proportionality and minimal collateral damage
- Respect for non-combatants and the innocent
- Adherence to Islamic moral and legal principles, even within psychological or information warfare

The integration of international humanitarian standards is encouraged where they do not conflict with Sharīʿah.

3. **Tactical Lessons from the Prophetic Biography (Sīrah)**

Drawing from the Prophet Muḥammad's (peace be on him) military strategies, the paper identifies several key aspects applicable to modern asymmetric warfare:

- Technological Advancement: Just as archery was central to warfare in the Prophet's era, modern Muslims must master cyber and information technologies for defence and deterrence.
- Projection of Strength: As practised in the conquest of Makkah and during battles such as Badr and Khandaq, psychological dominance and fear induction were critical elements in the Prophet's campaigns.
- Intelligence and Secrecy: Spying for defensive purposes, as seen in the roles of Ḥudhayfah ibn al-Yamān and others, aligns with Islamic

precedent. The Prophet's emphasis on operational secrecy reflects the strategic value of concealment.

4. **Media Warfare and Strategic Communication**

The article underscores the importance of communication in warfare. The early Muslim poets, such as Ḥassān bin Thābit, were mobilized to counter Qurayshite propaganda. The authors argue that today's equivalent lies in media engagement—through television, the internet, and social platforms—to:

- Promote truth (ṣidq)
- Counter disinformation
- Foster ideological resilience
- Ensure media literacy and public awareness

The Qur'ānic guidance in Surah al-Nūr (24:19) warns against spreading immoral or false content, a matter directly relevant to combating the spread of vulgarity and psychological manipulation in cyberspace.

5. Propaganda, Disinformation, and Public Responsibility

The authors identify rumour-mongering and fake news as essential tools of 5GW. Qur'ānic verses such as 49:6 and 24:15–16 warn against accepting or propagating unverified news. Public vigilance is mandated in this realm, and the hadith *"Kafā bi-l-marʾi kadhiban an yuḥadditha bikulli mā samiʿa"* (It is enough falsehood for a man to relate everything he hears) is cited to underline the need for critical engagement with information.

6. Countering Immorality and Psychological Degeneration

The authors assert that moral degradation is a powerful tool in 5GW. Surah al-Nūr (24:19) condemns those who seek to spread indecency among the believers. Islamic media policy must strike a balance between freedom of expression and moral responsibility to prevent societal disintegration.

This paper constructs a theologically grounded framework for understanding and ethically deploying 5GW tools within Islamic parameters. It acknowledges the evolving nature of warfare and the necessity for Muslims to engage intelligently with new domains of conflict. However, it firmly insists that all strategies must conform to Islamic ethics, safeguarding justice, dignity, and humanity.

تمہید

ففتھ جنریشن وار، پروپیگنڈا اور سائبر حملوں کے ذریعے غیر روایتی طرز پر لڑی جانے والی ایسی جنگ ہے جو جغرافیائی حدود و قیود سے ماورا طویل دورانیے پر محیط لڑائی کا نام ہے۔ اس جنگ میں غیر محسوس و غیر علانیہ طریق سے نشانِ ہدف (مخالف / دشمن) عوام کے اذہان کو قرار دیتے ہوئے انھیں فکری و نفسیاتی طور پر بایں صورت مفلوج کر دیا جاتا ہے کہ ان میں کسی بھی محاذ پر دشمن کا مقابلہ کرنے کی سکت نہیں رہتی۔

تاہم جنگ میں کام یابی سپہ سالار کی بہترین حکمت عملی(Strategy) پہ منحصر ہے، جس کی بدولت وہ نہایت محدود ذرائع و وسائل کے ساتھ مطلوبہ اہداف تک رسائی کو یقینی بناتا ہے۔ اس پہ یہ ذمے داری عائد ہوتی ہے کہ وہ مخصوص زمینی، معاشی، معاشرتی و نفسیاتی حالات کا جائزہ لیتے ہوئے اپنے جوانوں کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو نکھار بخشے اور ان سے استفادہ کرے۔ اس ضمن میں تاریخ اقوامِ عالم کا بنظرِ عمیق مطالعہ کرنے سے یہ بات اظہر من الشمس ہوتی ہے کہ آپ ﷺ کے عہد مبارک میں اور آپ ﷺ کی قیادت و سیادت میں جتنی بھی مہمات انجام پائیں، وہ سب بہترین جنگی حکمت عملی، منصوبہ بندی، انتظام و انصرام اور نصرت الٰہی کا آئینہ دار تھیں، خواہ وہ نفسیاتی و نظریاتی تکنیک ہوں یا عسکری۔ آپ ﷺ کی سیرت کے یہ گوشے (چند اصولی پہلوؤں کے ساتھ) قرآن و سنت کی صورت میں امت مسلمہ کے لیے راہ ہدایت ہیں، جن سے روشنی حاصل کرکے ہم دفاع کو یقینی بنا سکتے ہیں۔ ذیل میں چند اہم ہدایات کا تذکرہ کیا جاتا ہے۔

جدید ٹیکنالوجی کا حصول

قرآن چوں کہ ابدی ہدایت کا سرچشمہ ہے، اس لیے اس میں قیامت تک آنے والے مسائل کا اصولی حل موجود ہے، جیسا کہ جنگ کی تیاری کے ضمن میں ایک بنیادی ہدایت موجود ہے خواہ زمانہ کوئی بھی ہو۔ ارشاد رب العالمین ہے:

﴿وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ وَاٰخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ ۚ﴾[1]

(جہاں تک ممکن ہو ان کے مقابلے میں پوری قوت سے گھوڑے باندھ رکھنے میں تیاری کرو تا کہ تم اس سے اللہ اور اپنے اس کے ماسوا دوسرے دشمنوں کو خوف زدہ رکھو، جنھیں تم نہیں جانتے مگر اللہ جانتا ہے۔)

آیتِ کریمہ کے اس حصے میں ایک جامع حکم ارشاد فرمایا گیا ہے۔ وَأَعِدُّوا سے مراد تم اپنے دشمن (کفار) کے لیے تیاری کرو جو تمھاری ہلاکت اور تمھارے دین کے ابطال کے درپے رہتے ہیں۔ ﴿مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ﴾ اپنی مقدور بھر یعنی ہر قسم ذرائع و وسائل اور قوتِ عقلیہ و بدنیہ کو بروئے کار لاتے ہوئے دشمن کے خلاف انواع و اقسام کا اسلحہ و دیگر آلات کی تیاری اور ان کے حصول کو ممکن بنایا جائے، جو دشمن کے خلاف جنگ میں

۱۔ القرآن،۸: ۶۰۔

تمھارے لیے مدد و معاون ہوں۔ اس تیاری میں وہ تمام آلات ضرب و حرب مثلاً توپیں، مشین گن، بندوقیں، بری و بحری جہاز، اور دیگر جدید دفاعی آلات وغیرہ، نیز فنِ سپاہ گری، حکمت عملی، منصوبہ سازی اور فنِ سیاست کاری میں تربیت و مہارت حاصل کرنا، جس سے ملک و قوم کو ترقی کی شاہ راہ پر گام زن کیا جاسکے شامل ہیں؛ اس لیے حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا:"اَلاَ اِنّ َالْقُوّۃ َالرّ َمَيُ . "[۲] (آگاہ رہو قوت سے مراد تیر اندازی ہے۔)

قرونِ اولیٰ میں تیر اندازی کو مؤثر ہتھیار کے طور پر جانا جاتا تھا اور آج اس کی جگہ بندوق، ٹینک اور میزائل ہیں۔ اسی طرح ذرائع نقل و حمل کے لیے ﴿وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ﴾ کا کلمہ استعمال کیا گیا ہے جس کے معنی گھوڑوں کو تیار رکھو، یعنی سواریوں کو تیار رکھو خواہ وہ جہاز ہوں، بکتر بند گاڑیاں ہوں یا اس کے علاوہ دیگر اشیا ہوں۔ تیسرے نمبر پر اس کا مقصد بیان فرمایا کہ ﴿تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ﴾ کہ اس تیاری سے اللہ اور اپنے دشمنوں پر رعب و دبدبے کو قائم رکھنا ہے اور یہ تبھی ممکن ہے کہ کم از کم دشمن کے مقابل ہتھیار ہو یا اس سے بہتر ہو، جس کا حاصل یہ ہے کہ جس دور میں دشمن کے پاس جو ٹیکنالوجی ہوگی اور جس طرح سے وہ اسے استعمال میں لائے گا، ہمارے اوپر لازم ہے کہ ہم بھی اسی نوعیت کی ٹیکنالوجی حاصل کریں اور اس کے لیے تمام تر ضروری علوم تک رسائی کو بھی یقینی بنائیں، جیسا کہ فقہی قاعدہ ہے کہ: "مَالَا يَتِمُّ الْوَاجِبُ اِلاَّ بِه فَھُوَ وَاجِبٌ"[۳] (یعنی جس کے بغیر واجب کی تکمیل ممکن نہ ہو تو وہ بھی واجب ہے۔)

آج ففتھ جنریشن وار میں پروپیگنڈا، ذرائع ابلاغ اور سائبر ٹیکنالوجی کا بھرپور استعمال کیا جاتا ہے تو ہمارے لیے بھی ان میدانوں میں مہارت حاصل کرنا لازم ہے، جیسا کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: "جاھدوا المشركين بأموالكم وأنفسكم وألسنتكم. "[۴] (مشرکین سے اپنے جان و مال اور زبانوں کے ساتھ جہاد کرو۔)

فقہائے کرام کے نزدیک جہاد سے مراد اللہ کی راہ میں اپنی ہر ممکن سعی اور طاقت کا استعمال کرنا ہے، خواہ

۲۔ مسلم بن حجاج القشیری، **صحیح مسلم**، كتاب الإمارة ،باب فضل الرمي (بيروت: دار إحياء التراث العربي، ۱۹۵۵ء)، رقم: ۱۹۱۷۔

۳۔ عبد الغفار، محمد حسن، تيسير **أصول الفقه للمبتدئين** (کراچی: الشبكة الإسلامية) ،۲: ۱۴۔

۴۔ سلیمان بن اشعث ابوداوٗد، **سنن أبي داؤد**، كتاب الجهاد، باب كراهية ترك الغزو (بيروت: المكتبة العصرية)، رقم: ۲۵۰۴۔

وہ جہاد بالنفس ہو، جہاد بالمال ہو یا جہاد باللسان ہو یا علاوہ ازیں کوئی اور صورت و نوعیت ہو۔[۵]

دشمن کو مرعوب رکھنا

نفسیاتی و فکری طور پر جب دشمن کے سامنے طاقت کا مظاہرہ کیا جاتا ہے یا اسے یہ باور کرانے کی کوشش کی جاتی ہے کہ مد مقابل ہر قسم کے سامانِ حرب سے لیس ہے تو یقیناً وہ حملہ کرنے سے پہلے کئی بار سوچے گا۔ اس کی زندہ مثال پاکستان کا ایٹمی طاقت بننا ہے، جس سے پوری دنیا کو تکلیف تو ہوئی لیکن خطے میں طاقت کا توازن قائم ہو گیا، اور یہ طاقت پاکستان کی حفاظت کی ضامن بن گئی، وگرنہ انڈیا اس سے قبل خود ایٹمی طاقت بننے کے بعد کئی بار دھمکیاں دے چکا تھا۔ اس حکمتِ عملی کا مظاہرہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے ملکۂ سبا کا تخت منگوا کر کیا، جسے قرآن نے ان الفاظ میں بیان کیا: ﴿قَالَ يَٰٓأَيُّهَا ٱلْمَلَؤُا۟ أَيُّكُمْ يَأْتِينِى بِعَرْشِهَا قَبْلَ أَن يَأْتُونِى مُسْلِمِينَ﴾[۶] (سلیمان علیہ السلام نے فرمایا، اے اہل دربار کون ہے تم میں سے جو اس کا تخت میرے پاس لے کر آئے؟ قبل اس کے کہ وہ لوگ مطیع ہو کر میرے پاس حاضر ہوں۔) اس کے جواب میں حضرت آصف بن برخیا نے یہ ذمہ اپنے سر لیا، جس کا مقصد یہ تھا کہ جب وہ ملکہ یہاں پہنچ کر اسے یہاں پائے تو اسے اندازہ ہو جائے کہ اللہ اپنے نبیوں کو غیر معمولی طاقت سے نوازتا ہے اور یقیناً یہ کام طاقت بشری کے خلاف ہے، اور اس طرح ان کے طاقت ور ہونے کا غرور و تکبر ختم کر کے ان پہ نفسیاتی دھاک بٹھائی جا سکے۔ بعد ازاں یہ حکمت عملی ان کے قبول اسلام پہ منتج ہوئی۔

دشمن کو مرعوب رکھنے کی صفت سے اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو متصف کر رکھا تھا، جسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود یوں ارشاد فرمایا:

"أعطيت خمسا لم يعطهن أحد من الأنبياء قبلي نصرت بالرعب مسيرة شهر..."[۷]

(مجھے پانچ چیزیں ایسی عطا کی گئی ہیں جو مجھ سے قبل کسی نبی کی نہیں دی گئی تھیں، مجھے ایک مہینے کی مسافت کے فاصلے سے رعب عطا کیا گیا ہے۔۔۔) حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر اسی مہربانی کا ظہور کئی غزوات میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا؛ چناں چہ معرکۂ حق و باطل غزوۂ بدر کے موقع پر اللہ نے کئی صورتوں میں اہل ایمان کی مدد فرمائی جن میں سے ایک صورت یہ

۵- مسعود بن احمد الکاسانی، بدائع الصنائع في ترتيب الشرائع (بيروت: دار الكتب العلمية،۱۹۷۶ء)،۷: ۹۷۔

۶- القرآن،۲۷: ۳۸۔

۷- ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل البخاری، الجامع الصحيح،أبواب المساجد،باب قول النبي صلى الله عليه وسلم: جعلت لي الأرض مسجدا وطهورا،(دمشق: دار ابن كثير دار اليمامة،۱۹۹۳ء)،رقم:۴۲۷۔

تھی کہ ہزارہا فرشتوں نے اس قتال میں شرکت کی۔اس کے دو فائدے حاصل ہوئے: ایک یہ کہ مسلمانوں کی حوصلہ افزائی اور دوسرا یہ کہ کفار کے دلوں میں رعب اور دہشت کو بٹھانا، جس پر وہ ہمت ہار بیٹھے، جو جنگ میں ناکامی کی وجہ بنی۔ اللہ نے اس بابت سورۂ انفال میں ارشاد فرمایا:﴿اِذْ یُوْحِیْ رَبُّكَ اِلَى الْمَلٰٓىِٕكَةِ اَنِّیْ مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ؕ سَاُلْقِیْ فِیْ قُلُوْبِ الَّذِیْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ﴾[۸] (یاد کرو وہ وقت جب آپ کے رب نے فرشتوں کو حکم دیا کہ میں تمھارے ساتھ ہوں سو تم اہل ایمان کو ثابت قدم رکھو، میں ابھی کفار کے دلوں میں وحشت و ہیبت ڈالے دیتا ہوں۔)

غزوۂ احزاب کے موقع پر بنو قریظہ (قبیلہ یہود) نے عہد شکنی کرتے ہوئے خیانت کی اور مشرکینِ عرب کے ساتھ جاملے۔ اس کی پاداش میں مسلمانوں نے ان کا محاصرہ کیا اور وہ اس قدر مرعوب ہوئے کہ اپنے قلعوں سے اتر کر رسول اللہ ﷺ کے سامنے ہتھیار ڈال دیے، اس واقعے کا نقشہ قرآن نے سورۂ احزاب میں اس طرح کھینچا ہے:﴿وَاَنْزَلَ الَّذِیْنَ ظَاهَرُوْهُمْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ صَیَاصِیْهِمْ وَقَذَفَ فِیْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ﴾[۹] (اور اس نے ان اہل کتاب کو، جنھوں نے ان (مشرکین مکہ) کی مدد کی تھی، ان کے قلعوں سے اتار دیا(ہتھیار ڈالنے کے لیے) اور ان کے دلوں میں رعب ڈال دیا۔)

اسی طرح یہودیوں کا قبیلہ بنو نضیر مدینہ میں آباد تھا، اور اپنی کارستانیوں کی وجہ سے یہاں سے جلاوطن ہو کر خیبر آباد ہو گیا، لیکن وہاں بھی اپنی روش سے باز نہ آیا۔ اس کے نتیجے میں غزوۂ خیبر ہوا اور ان کا محاصرہ کیا گیا تو وہ لوگ مضبوط قلعوں میں بند ہو گئے۔ وہ ہر قسم کی سہولیات اور ساز و سامان کے ساتھ لیس تھے، لیکن اللہ نے ان کے دلوں میں ایسا رعب و دبدبہ ڈالا کہ وہ مضبوط گھروں اور مال و دولت کو چھوڑنے پر مجبور ہو گئے۔ اس بات کو اللہ نے سورہ الحشر میں ان الفاظ کے ساتھ بیان فرمایا: ﴿وَقَذَفَ فِیْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ یُخْرِبُوْنَ بُیُوْتَهُمْ بِاَیْدِیْهِمْ وَاَیْدِی الْمُؤْمِنِیْنَ ۗ فَاعْتَبِرُوْا یٰۤاُولِی الْاَبْصَارِ﴾[۱۰] (اور اس (اللہ) نے ان کے دلوں میں ایسا رعب ڈالا کہ وہ اپنے گھروں کو اپنے اور مومنوں کے ہاتھوں برباد کر رہے تھے، پس اے آنکھ والو عبرت حاصل کرو۔)

۸- القرآن،۸: ۱۲۔

۹- القرآن،۳۳: ۲۶۔

۱۰- القرآن،۵۹: ۲۔

فتح مکہ کے موقع پر رعب و دبدبہ کا مظاہرہ

فتح مکہ کے موقع پر حضور ﷺ نے دو اہم نفسیاتی تدابیر اختیار فرمائیں: ایک یہ کہ دس ہزار کے لشکر جرار کے ہاتھ آگ جلا کر اسے وادیِ مر الظہران میں پھیلا دیا گیا،[۱۱] جس سے بھرپور انفرادی قوت کا مظاہرہ کیا گیا، اور دشمنوں کے حوصلے پست ہوگئے۔ اس کی تاثیر کی بابت حضرت عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ اور بدیل بن ورقا کی گفت گو سنی جو آپس میں کہ رہے تھے کہ "جیسی روشنی آج رات ہم نے دیکھی ہے ضرور یہ کوئی زبردست لشکر ہے" اور ابھی وہ تخمینے لگا ہی رہے تھے کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے آواز پہچان کر لشکر کا تعارف کروایا، جس پر وہ مزید ہیبت زدہ ہو گیا۔[۱۲] دوسرا یہ کہ حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ کو بعد از قبول اسلام اعتماد میں لے کر لشکر کے مختلف حصوں کے ہیبت ناک مناظر دکھا کر، مکہ میں یہ منادی کروانے کی ذمے داری سونپی گئی کہ قوم میں جا کر اعلان کرو کہ حضرت محمد ﷺ لشکر جرار کے ساتھ مکہ میں داخل ہو رہے ہیں، لہٰذا آج وہ امان پائے گا جو مسجد حرام میں داخل ہو گا، یا حضرت ابوسفیان کے گھر یا اپنے گھر کا دروازہ بند کر لے گا۔[۱۳] اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مشرکین مکہ مکمل طور پر خوف زدہ اور مرعوب ہوگئے اور مکہ بغیر کسی خون ریزی کے نہایت امن کے ساتھ فتح ہو گیا۔ اس ضمن میں محمود شیت جو سابق عراقی وزیر اور عسکری مؤرخ کے طور پر جانے جاتے ہیں، رقم کرتے ہیں: "ہر غزوے میں دشمن کے حوصلوں کو توڑنا نبی کریم ﷺ کا ہدف اولین ہوتا تھا۔"[۱۴]

جدید عسکری نظام میں بھی یہ حکمت عملی جنگ میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، جیسا کہ مختلف ممالک اپنے دفاعی ساز و سامان کا حیرت ناک طور پر مظاہرہ کرتے رہتے ہیں۔ عموماً قومی دنوں کے موقع پر اور خصوصاً جب کسی ملک کے ساتھ حالات کشیدہ ہوں، اس کا مقصد دشمن ممالک پر عسکری دھاک بٹھانا ہوتا ہے۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ بہترین تربیت یافتہ افرادی قوت موجود ہو جو مختلف آلاتِ ضرب و حرب سے لیس ہو، اور خدا پہ یقینِ محکم بھی رکھتی ہو تو ان شاء اللہ تائید الٰہی بھی شامل حال رہے گی۔

۱۱۔ محمد بن سعد، **طبقات ابن سعد** (لاہور: عبداللہ اکیڈمی)، ۱:۲۹۵۔

۱۲۔ محمد عبدالملک بن ہشام، **سیرت ابن ہشام**، مترجم: قطب الدین احمد محمودی (لاہور: مکتبہ خلیل، ۲۰۱۳ء)، ۲: ۲۹۰-۲۸۹۔

۱۳۔ نفس مصدر، ۲۹۱۔

۱۴۔ محمود شیت خطاب، **الرسول القائد** (بغداد: مکتبة الحیاة، ۱۹۶۰ء)، ۳۲۹۔

دشمن میں تفرقہ ڈالنا

غزوۂ خندق کے موقع پر جب مسلمانوں کا محاصرہ کر لیا گیا اور یہودیوں کی طرف سے عہد شکنی اور نفاق بھی عروج پر تھا، تو مسلمان نہایت مضطرب تھے۔ ایسے میں نعیم بن مسعود ایک دن مغرب و عشا کے درمیان تائید الٰہی کی صورت میں نمودار ہوئے اور بارگاہ رسالت میں قبول اسلام کا اظہار کیا، اور ساتھ ہی یہ بات بھی عرض کی کہ میری قوم کو میرے قبولِ اسلام کا علم نہیں ہے، اگر میرے لیے کوئی خدمت ہو تو حکم کیجیے، جس پر حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: "انما أنت فينا رجل واحد ، فخذل عنا إن استطعت ، فإن الحرب خدعة."[۱۵] (تم تو صرف ایک آدمی ہو (فردِ واحد ہونے کی وجہ سے تم کوئی عسکری مدد نہیں پہنچا سکتے) تو جس قدر ممکن ہو انھیں جنگ سے دل برداشتہ کر دو (حوصلہ شکنی کے ذریعے جنگ نہ کرنے پر آمادہ کرنا) کیوں کہ جنگ تو چال بازی کا نام ہے (کوئی ایسی چال جس سے دشمن میں تفرقہ پڑ جائے))۔

نعیم بن مسعود رضی اللہ عنہ چوں کہ مؤثر انداز میں خبر کی تشہیر کا ملکہ رکھتے تھے اور یہود و قریش میں مقبولیت بھی؛ اس لیے اس کا فائدہ اٹھاتے ہوئے پہلے بنو قریظہ کو قریش اور بنو غطفان کے خلاف بدظن کیا کہ تم لوگوں نے محمد ﷺ سے بدعہدی کی تو مصیبت میں پڑ جاؤ گے کیوں کہ یہ لوگ اپنے مفادات لے کر نکل جائیں گے، لہٰذا تم ان سے بہ طور تسلی و اطمینان کچھ آدمی رہن رکھنا۔ اس کے بعد قریش کے پاس آکر انھیں یہ باور کرایا کہ قریظہ اپنی عہد شکنی پر نادم ہیں، اور محمد ﷺ کے کہنے پر وہ تم سے بہ طور رہن کچھ آدمی اطمینان کے لیے مطالبہ کریں گے، جنھیں بعد میں آپ ﷺ کی وفاداری میں قتل کیا جائے گا۔ پھر بنو غطفان کے پاس آکر یہی قریش والی کہانی سنائی، جو کہ بنی قریظہ کے مطالبے پر سچ ثابت ہوئی۔ اس طرح ان کی اجتماعیت پارہ پارہ ہو گئی، اور پھر اوپر سے طوفان اور باد و باراں نے ان کے حوصلے مزید پست کر دیے جس کی وجہ سے محاصرہ چھوڑ کر وہ سب بھاگ کھڑے ہوئے۔

موجودہ دور میں ففتھ جنریشن وار کا تو نہایت کاری وار ہی فرقہ وایت ہے خواہ وہ مذہبی ہو یا سیاسی، لسانی ہو یا علاقائی، ہر ملک اور خطے کے اعتبار سے جہاں جو کمزوری پائی جاتی ہو اسے ہوا دے کر مزید مؤثر بنایا جاتا ہے۔ اس کام کے لیے میڈیا اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کا بھرپور استعمال کیا جاتا ہے۔

ذرائع ابلاغ کا استعمال

ہر دور کے اپنے ذرائع ابلاغ ہوتے ہیں جیسا کہ عہد نبوی ﷺ میں زبان و بیان اور شعر و سخن کو ذرائع ابلاغ گردانا جاتا تھا، ذہنی کوفت پہنچانے کے لیے مشرکین اہل ایمان کے خلاف ہجو کیا کرتے تھے۔ جس کے جواب

۱۵۔ ابن ہشام، مصدرِ سابق، ۲۲۹:۲۔

میں حضور ﷺ نے حضرت ابن رواحہ، حضرت کعب بن مالک اور حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہم کو جوابی کارروائی کا حکم ارشاد فرمایا۔ اسی ضمن میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "هْجُوا قُرَيْشًا، فَإِنَّهُ أَشَدُّ عَلَيْهَا مِنْ رَشْقٍ بِالنَّبْلِ..."[۱۶] (قریش کی ہجو کرو؛ کیوں کہ یہ ان پر تیروں کی بوچھاڑ سے زیادہ گراں گزرتی ہے۔) پھر آپ ﷺ نے ابن رواحہ اور کعب بن مالک رضی اللہ عنہما کو یہ حکم ارشاد فرمایا، لیکن آپ کو ہجو پسند نہ آئی۔ اس کے بعد آپ ﷺ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کے پاس آئے تو انھوں نے کہا کہ: اب آگیا ہے وہ وقت کہ تم نے کسی شیر کو یہ پیغام دیا ہے جو اپنی دم سے مارتا ہے، اور پھر فرمانے لگے: "وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَأَفْرِيَنَّهُمْ بِلِسَانِي فَرْيَ الْأَدِيمِ..."[۱۷] (قسم اس ذات کی جس نے آپ ﷺ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا میں کافروں کو اپنی زبان سے اس طرح پھاڑ ڈالوں گا جیسے کوئی چمڑے کو پھاڑتا ہے۔۔۔) اور حضور ﷺ نے فرمایا کہ: حسان رضی اللہ عنہ نے کفار کی ایسی ہجو کی کہ مومنوں کے دلوں کو تسکین اور کفار کی عزتوں کو تباہ کر دیا۔

عہدِ حاضر میں اس ہتھیار کا استعمال بہ طور برے القابات (Name Calling) پروپیگنڈا تکنیک کیا جاتا ہے، جس کا مقصد اپنے حریف کے راہ نماؤں، راہ بروں اور عوامی مقبولیت کی حامل شخصیات کو نشانہ بنانا ہوتا ہے، اور اس کے لیے جدید ذرائع ابلاغ کا استعمال کیا جاتا ہے۔

دشمن کی اہم معلومات حاصل کرنا

جنگ کا بین الاقوامی اور مسلمہ اصول ہے کہ جس قدر ممکن ہو سکے دشمن کی طاقت اور صلاحیتوں کا علم حاصل کیا جائے، اور اس کام کے لیے دنیا میں مختلف ممالک اپنی اپنی انٹیلی جنس ایجنسیوں کا جال بچھائے ہوئے ہیں۔ یہ تکنیک روایتی و غیر روایتی جنگوں میں بدستور قابل استعمال رہی ہے۔ عہد نبوی میں رسول اللہ ﷺ کے پاس یہ معلومات حاصل کرنے کے دو بنیادی ذرائع تھے: ایک وحی الٰہی اور دوسرا جاسوسی کا نظام جو کہ آپ کا وضع کردہ تھا۔

جیسا کہ غزوۂ بدر کے موقع پر آپ ﷺ نے دشمن کی افرادی قوت کا سراغ لگانے کے لیے جاسوسی کا دستہ روانہ فرمایا، جس کے لیے مہاجرین میں سے تین قائد علی بن ابی طالب، زبیر بن عوام اور سعد بن ابی

۱۶۔ امام مسلم، **صحيح مسلم، كتاب فضائل الصحابة**، باب فضائل حسان بن ثابت رضي الله عنه، رقم: ۲۴۹۰۔

۱۷۔ نفس مصدر۔

وقاص رضی اللہ عنہم کو چند صحابہ کے ہم راہ روانہ فرمایا۔ جب یہ لوگ بدر کے چشمے پر پہنچے تو دو غلاموں کو پانی بھرتے دیکھا، جن کا تعلق لشکر مکہ سے تھا۔ انھیں گرفتار کرکے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا گیا، تو آپ نے لشکر کی تعداد پوچھی۔ انھوں نے جواباً کہا کہ بہت ہیں، لیکن درست عدد معلوم نہیں، تو آپ نے فرمایا کہ روزانہ کتنے اونٹ ذبح کیے جاتے ہیں؟ تو جواب ملا ایک دن نو اور ایک دن دس، جس سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تعداد کا اندازہ لگایا کہ نو سو سے ہزار کے درمیان ہے۔ اس کے علاوہ دیگر معلومات بھی حاصل کی گئیں۔[۱۸]

اس کے علاوہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ احزاب کے موقع پر حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کو دشمن کی خبر لانے کے لیے روانہ فرمایا: "یاحذیفة ، فاذهب فادخل في القوم فانظر مايفعلون ، ولا تحدثن شيئا حتى تأتينا."[۱۹] (اے حذیفہ! دشمن کی صفوں میں داخل ہو کر دیکھو کہ وہ کیا کر رہے ہیں، اور ہم تک پہنچنے سے قبل کسی کو خبر سے آگاہ مت کرنا۔)

رازداری کو یقینی بنانا

کسی بھی مملکت کے لیے اہم ملکی تنصیبات اور دفاعی امور کو خفیہ رکھنا نہایت ضروری ہے، خصوصاً اپنے حریفوں سے تاکہ اپنی کم زوریوں اور صلاحیتوں سے دشمن کو جاہل رکھا جاسکے۔ نہ صرف ملکی تنصیبات بلکہ اہم قومی عہدے داروں کی ذاتی معلومات اور کم زوریوں کو بھی خفیہ رکھا جائے، تاکہ بلیک میل ہونے سے بچا جاسکے۔ ففتھ جنریشن وار کی تاریخ کا مطالعہ کرنے سے یہ بات عیاں ہوتی ہے کہ دنیا میں بیش تر راہ نماؤں کی انھی کم زوریوں کا فائدہ اٹھاتے ہوئے قومی خفیہ راز ہتھیائے جاتے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول تھا کہ کسی بھی مہم پر روانہ ہونے سے لے کر واپسی تک اس کی رازداری کو یقینی بناتے تھے، جس کی اہمیت آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ایک فرمان میں یوں واضح فرمائی: "استعينوا على إنجاح الحوائج بالكتمان فإن كل ذى نعمة محسود."[۲۰] (اپنی ضروریات کو کام یاب بنانے کے لیے رازداری سے مدد حاصل کرو؛ کیوں کہ ہر منعم سے حسد کیا جاتا ہے۔)

۱۸۔ ابنِ ہشام، مصدرِ سابق، ۲: ۳۲۔

۱۹۔ امام احمد بن حنبل، مسند الإمام أحمد بن حنبل، تحقیق: شعیب الأرنؤوط-عادل مرشد، وآخرون (بیروت: مؤسسة الرسالة، ۲۰۰۱ء)، رقم: ۲۳۳۳۴۔ شعیب ارناؤط کی تحقیق کے مطابق یہ حدیث صحیح ہے۔

۲۰۔ سلیمان بن احمد بن ایوب الطبرانی، المعجم الكبير، تحقیق: حمدی بن عبدالمجید السلفی (قاہرہ: مکتبة ابن تيمية، ۱۹۹۴ء)، رقم: ۱۰۸۷۔ امام جلال الدین سیوطی نے اسے صحیح شمار کیا ہے۔

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: "كان رسول الله صلى الله عليه وسلم قلما يريد غزوة يغزوها إلا ورى بغيرها..."[۲۱] (کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کبھی کسی غزوہ پر جانے کا ارادہ فرماتے تو بظاہر خلاف مقصود کسی دوسری جانب توریہ فرماتے۔)

اس ضمن میں شیخ محمود شیت رقم کرتے ہیں:

اپنے راز کو خفیہ رکھنے کی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نہایت خواہش ہوتی تھی، آپ کا معمول تھا کہ جب کبھی کسی غزوہ پر نکلنے کا ارادہ فرماتے تو آپ مطلوبہ جگہ کے علاوہ کسی دوسری طرف توریہ فرماتے۔۔۔اور غزوۂ فتح مکہ کے موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکمل رازداری سے کام لیتے ہوئے اس مہم کو اپنی زوجہ اور یار غار حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے بھی مخفی رکھا، جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ آپ نے بہ آسانی دس ہزار کا لشکر جرار تیار کر کے وادی مکہ میں جا پہنچے، جس کی قریش کو بھنک تک نہ پڑنے دی اور بغیر کسی خون ریزی کے مکہ کو فتح کر لیا۔[۲۲]

افواہ سازی اور پروپیگنڈا کا تعاقب

افواہ سازی اور پروپیگنڈا ففتھ جنریشن وار کے اہم ترین ذرائع میں شمار ہوتے ہیں، اور پھر ذرائع ابلاغ کی مدد سے ان کی مؤثر تشہیر کی جاتی ہے، تاکہ دشمن میں مایوسی اور خوف وہراس کو پھیلا کر لڑنے کی صلاحیت کو ختم کیا جاسکے۔ ایسے میں ذرائع ابلاغ کی قومی ذمے داری اور بھی بڑھ جاتی ہے، کہ کب کس خبر کو نشر کرنا ہے اور اس کے مآخذ و منابع کیا ہیں؟ اس ضمن میں قرآن بہترین اصول فراہم کرتا ہے: ﴿وَإِذَا جَآءَهُمْ أَمْرٌ مِّنَ الْأَمْنِ أَوِ الْخَوْفِ أَذَاعُوا بِهِۦ ۖ وَلَوْ رَدُّوهُ إِلَى الرَّسُولِ وَإِلَىٰٓ أُولِي الْأَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِينَ يَسْتَنۢبِطُونَهُۥ مِنْهُمْ ۗ﴾[۲۳] (جب کبھی ان لوگوں کے پاس حالت جنگ یا امن کی کوئی خبر پہنچتی ہے تو یہ فوراً اس کو پھیلانا شروع کر دیتے ہیں، اگر یہ اسے اللہ کے رسول اور اپنی جماعت کے صاحب اختیار لوگوں (جو اس بات کے اہل ہیں) کے سامنے پیش کرتے تو ان میں سے جو صاحبِ تحقیق ہیں وہ اس (خبر) کی تحقیق کر لیتے (تاکہ عوام میں افراتفری نہ پھیلتی)۔)

اسی طرح مشرکینِ مکہ نے غزوۂ احد کے موقع پر افواہوں کے ذریعے اہل ایمان کے حوصلے پست کرنے کی مذموم کوشش کی۔ ابن قمئہ نامی شخص نے حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ، جو کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم شکل تھے، کو شہید کر کے، مشرکین کی طرف اعلان کر دیا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم قتل کر دیے گئے اور چلّانا شروع کر دیا جس سے صحابہ

۲۱- **صحيح البخاري**،كتاب الجهاد والسير،باب من أراد غزوة فورى بغيرها،رقم: ۲۹۴۸۔

۲۲- محمود شیت خطاب، مرجع سابق، ۳۱۵۔

۲۳- القرآن، ۴: ۸۳۔

کرام رضی اللہ عنہم کے حوصلے وقتی طور پر ٹوٹ گئے اور صفوں میں انتشار و افتراق اور بد نظمی پیدا ہو گئی اور تمام پروانے پتنگوں کی طرح بکھرنے لگے۔ لیکن جیسے ہی رسول مکرم ﷺ نے اپنی زبان مقدس سے إلیّ عباد الله، إلیّ عباد الله کی صدا بلند کی تو ساری افواہیں دم توڑنے لگیں اور پھر سے اتحاد و یک جہتی کی فضا قائم ہونے لگی۔ اس موقع پر اللہ نے سورت الحجرات کی یہ آیت نازل فرمائی: ﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْٓا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًۢا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ﴾ [۲۴] (اے ایمان والو! اگر تمھارے پاس کوئی فاسق کسی خبر کو لے کر آئے تو اچھی طرح تحقیق کر لیا کرو، کہیں ایسا نہ ہو کہ تم کسی جماعت کو لاعلمی میں ناحق نقصان نہ پہنچا بیٹھو اور پھر اپنے کیے پر پچھتاتے پھرو۔)

اس آیت میں سابقہ اصول کے تکرار کے ساتھ ایک لطیف نکتے کی طرف اشارہ کیا گیا ہے کہ غیر مصدقہ اخبار و اطلاعات کے نتیجے میں جب انتظامیہ کوئی شدید عمل ظاہر کرتی ہے، تو ریاست اور اہم ریاستی اداروں کو نفرت آمیز ردعمل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس میں کوئی مبالغہ نہیں کہ ایسے نعروں کی پشت پر بیرونی سازشیں کارفرما ہوتی ہیں، لیکن یہ بات بھی بعید از فہم نہیں کہ ان سازشوں کے لیے سازگار ماحول یہیں سے مہیا کیا جاتا ہے۔ جیسے بارود کو سلگایا بیرونی طاقت کے ساتھ جاتا ہے، لیکن اس مادے کا موجود ہونا عناصرِ ضروریہ میں سے ہے۔ اس لیے لازم ہے کہ اخبار کی اچھی طرح سے تصدیق کر لی جائے تاکہ دشمنوں کو مواقع ہی میسر نہ آ سکیں۔

پروپیگنڈا سے متعلق عوامی ذمے داری

پروپیگنڈا، افواہوں اور سازشوں سے متعلق ملت کے ہر فرد پر یہ ذمے داری عائد ہوتی ہے کہ وہ ایسی حساس اور نقصان دہ خبروں کے تکرار سے گریز کرے، اور ایسی کسی قسم کی اطلاع پانے پر ان پہ لازم ہے کہ وہ متعلقہ ذمے داران کو اس پر مطلع کریں، تاکہ حقیقی صورت حال تک رسائی ممکن ہو سکے۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ بِاَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِكُمْ مَّا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ وَّتَحْسَبُوْنَهٗ هَيِّنًا ۖ وَّهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمٌ﴾ [۲۵] (جب تم اپنی زبانوں اور اپنے مونہوں سے وہ باتیں کہہ رہے تھے (ایک دوسرے سے سنی سنائی ہوئی غیر مصدقہ باتیں) جن کا تمھیں کچھ علم نہ تھا اور تم اس (تشہیر) کو معمولی بات سمجھ رہے تھے جب کہ وہ اللہ کے نزدیک بہت بڑی بات تھی۔)

۲۴- القرآن، ۴۹: ۶۔

۲۵- القرآن، ۲۴: ۱۵۔

یہ آیت دراصل واقعۂ افک کے بارے میں اور اس جیسی کسی بھی حساس خبر کے متعلق نہایت اہم اصول وضع کر رہی ہے۔ آج کل سوشل میڈیا ایسی بے بنیاد خبروں کی آماج گاہ بنا ہوا ہے، تو عام صارفین پر ذمے داری اور بھی بڑھ جاتی ہے کہ کسی بھی خبر کی تشہیر سے پہلے اس اکاؤنٹ اور مآخذ سے متعلق تسلی کر لیں، تاکہ کسی بھی پروپیگنڈے کا حصہ بننے سے محفوظ رہا جاسکے۔ جب کبھی اہل ایمان سے متعلق کوئی بلادلیل خبر ملے تو ہمیں اس کی تشہیر سے سختی سے منع کیا گیا ہے، اور نیک گمان رکھنے کی تاکید کی گئی ہے: ﴿وَلَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ مَّا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا ۖ سُبْحٰنَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ ۝ يَعِظُكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَعُوْدُوْا لِمِثْلِهٖٓ اَبَدًا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ﴾ [۲۶] (کیوں نہ تم نے اسے (بہتان) سنتے ہی کہہ دیا کہ ہمارے لیے ایسی بات کہنا زیب نہیں دیتا، سبحان اللہ! یہ تو ایک بہتان عظیم ہے۔ اللہ تمھیں نصیحت کرتا ہے کہ آئندہ کبھی ایسی حرکت نہ کرنا اگر تم مؤمن ہو۔)

اس طرح حدیث شریف میں سنی سنائی بات کو بلا تحقیق آگے پھیلانے والے کو جھوٹا قرار دیا گیا ہے، جیسا کہ ارشاد نبوی ﷺ ہے: "كَفَى بِالْمَرْءِ كَذِبًا أَنْ يُحَدِّثَ بِكُلِّ مَا سَمِعَ"[۲۷] (انسان کے جھوٹا ہونے کے لیے یہ کافی ہے کہ جو بات سنے اسے (بغیر تحقیق) لوگوں کے سامنے بیان کر دے۔)

اس لیے ضروری ہے کہ واقعہ اور خبر کی اچھی طرح سے تصدیق کر لی جائے، کیوں کہ عموماً جھگڑے اور فسادات غلط فہمیوں اور افواہوں کی بنیاد پر وجود میں آتے ہیں۔ جس نوعیت یا شخصیت سے متعلق جھوٹی خبر ہو گی اسی طرز کی تباہی ہو گی، جیسا کہ یوکرین جنگ کے دوران میں یوکرینی صدر کی جعلی ویڈیو کا سائبر حملے کے نتیجے میں نشر کرنا مہلک خیز ثابت ہوا۔

فحاشی کے تدارک کے لیے ضابطہ

پاکیزہ اسلامی معاشرے میں فحاشی وعریانی کا فروغ تباہ کن نتائج کا حامل ہے، جس کی ایک وجہ یہ ہے کہ جس قدر بے حیائی اور فحاشی پر مبنی مواد کا چرچا ہو گا اسی قدر اس کا منفی تاثر پھیلے گا۔ اس کے ذرائع تشہیر میں مرکزی کردار ذرائع ابلاغ کا ہے، جب کہ میڈیا آزادی اظہار رائے کے نام پر بے حیائی اور جنسی آوارگی پر مبنی مواد مختلف حیلوں اور بہانوں سے نشر کرنے کی جسارت کرتا رہتا ہے، جب کہ اسلام ایسی خبروں کی اشاعت سے بھی منع فرماتا ہے، کیوں کہ یہ انسانی فطرت کا خاصہ ہے کہ وہ منفی پہلو پر توجہ زیادہ مرکوز کرتا ہے۔ ارشاد ربانی ہے: ﴿اِنَّ

۲۶- القرآن، ۲۴: ۱۶-۱۷۔

۲۷- **صحيح مسلم**، مقدمة باب النهي عن الحديث بكل ما سمع، رقم: ۷۔

الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۙ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ﴾[۲۸] (بے شک جو لوگ چاہتے ہیں کہ مسلمانوں میں بے حیائی پھیلے ان کے لیے دنیا و آخرت میں دردناک عذاب ہے۔)

موقع و محل کے اعتبار سے بہ ظاہر آیت ایسے لوگوں کے بارے میں ہے جو کسی عفیفہ پر جھوٹی اور من گھڑت الزام تراشی کرتے ہیں اور اخلاقی بے راہ روی کی وجہ بنتے ہیں، وہ مستحق سزا ہیں، لیکن آیت کا عمومی اطلاق فحاشی و بے حیائی کی تمام صورتوں کی اشاعت پر حاوی ہے، خواہ وہ رقص و سرور یا تفریح طبع کے نام پر ہوں۔ ایسے لوگوں پر دنیا میں اسلامی حکومت کے تحت سزا نافذ ہونی چاہیے اور آخرت میں بھی یہ لوگ مستحق عتاب ہوں گے۔ یہ اس قدر حساس معاملہ ہے کہ ففتھ جنریشن وار میں اسے بہ طور ہتھیار استعمال کر کے نسلِ نو کی مثبت صلاحیتوں کو زنگ آلود کیا جاتا ہے، اور ایسے میں پھر کسی عسکری حملے کی چنداں ضرورت محسوس نہیں کی جاتی۔

خلاصۂ کلام

۱. ففتھ جنریشن وار ایک پیچیدہ طرزِ حرب ہے جس کے لیے ہمیشہ کثیر الجہتی رد عمل کی ضرورت در پیش رہتی ہے، اور اس مقصد کے حصول کے لیے ہمیں قرآن و سنت کچھ رہ نما اصول فراہم کرتے ہیں اور دفاعی حکمت عملی کے وضع کے وقت انھیں پیش نظر رکھنا چاہیے۔

۲. تزویراتی طور پر جدید ٹیکنالوجی کو بہ طور طاقت بروئے کار لانا چاہیے۔

۳. ذرائع ابلاغ کو بہ طور جنگی حکمت عملی کے زیر استعمال لانا چاہیے۔

۴. انفارمیشن ٹیکنالوجی کی خواندگی کو فروغ دیتے ہوئے اپنی نسل نو کو فکری و نظریاتی سرحدات کے دفاع کے قابل بنایا جائے۔

۵. ففتھ جنریشن وار سے متعلق تمام تر دفاعی و اقدامی حکمت عملیوں کو اپناتے وقت اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ بے گناہوں کا تحفظ اور ایک منصفانہ و مستحکم عالمی نظام قائم رکھتے ہوئے روحِ اسلام کو زک نہ پہنچنے پائے۔

۲۸- القرآن،۲۴: ۱۹۔

List of Sources in Roman Script

- al-Qurʾān
- Abd al-Ghaffār, Muḥammad Ḥasan. *Taysīr Uṣūl al-Fiqh li al-Mubtadiʾīn*. Karachi: Shabkah al-Islāmiyyah, n.d.
- Abū Dāwūd, Sulaymān b. al-Ashʿath. *Al-Sunan.* Beirut: al-Maktabah al-ʿAṣriyyah, n.d.
- Aḥmad b. Ḥanbal. Al-*Musnad*. ED. Shuʿayb al-Arnaʾūṭ, ʿĀdil Murshid et al. Beirut: Muʾassasat al-Risālah, 2001.
- al-Bukhārī, Abū ʿAbd Allāh Muḥammad b. Ismāʿīl. *al-Jāmiʿ al-Ṣaḥīḥ*. Dimashq: Dār Ibn Kathīr – Dār al-Imāmah, 1993.
- al-Kāsānī, Masʿūd b. Aḥmad. *Badāʾiʿ al-Ṣanāʾiʿ fī Tartīb al-Sharāʾiʿ*. 3rd ed. Beirut: Dār al-Kutub al-ʿIlmiyyah, 1976.
- al-Ṭabarānī, Sulaymān b. Aḥmad b. Ayyūb. *al-Muʿjam al-Kabīr*. Ed. Ḥamdī ibn ʿAbd al-Majīd al-Salafī. Cairo: Maktabat Ibn Taymiyyah, 1994.
- Ibn Hishām, Muḥammad ʿAbd al-Malik. *Sīrat Ibn Hishām*. Trans. Quṭb al-Dīn Aḥmad Maḥmūdī. Lahore: Maktabah Khālil, 2013.
- Ibn Saʿd, Muḥammad. *Ṭabaqāt Ibn Saʿd*. Lahore: ʿAbd Allāh Akādamī, 2018.
- Muslim b. Ḥajjāj al-Qushayrī. *al-Jāmiʿ al-Ṣaḥīḥ*. Beirut: Dār Iḥyāʾ al-Turāth al-ʿArabī, 1955.
- Shaṭṭāb, Maḥmūd Shīt. *al-Rasūl al-Qāʾid*. Baghdad: Maktabat al-Ḥayāh, 1960.